پاکستان انگلینڈ ٹیسٹ سیریز کے نظر ثانی شدہ شیڈول کا اعلان

- دوسرا ٹیسٹ میچ کراچی کے بجائے اب ملتان میں کھیلا جائے گا

لاہور،20 ستمبر2024ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے آج پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان 7 سے 28 اکتوبر تک ہونے والے آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے تین ٹیسٹ میچوں کے نظر ثانی شدہ شیڈول کا اعلان کر دیا ہے۔

دوسرا ٹیسٹ جو اصل میں کراچی کے نیشنل بینک اسٹیڈیم میں 15 سے 19 اکتوبر تک پلان کیا گیا تھا اب ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ بقیہ دو ٹیسٹ اصل پروگرام کے مطابق کھیلے جائیں گے یعنی پہلا ٹیسٹ ملتان میں 7 سے 11 اکتوبر تک ہو گا اور تیسرا ٹیسٹ راولپنڈی میں 24 سے 28 اکتوبر تک کھیلا جائے گا۔

دوسرے ٹیسٹ کو کراچی سے ملتان منتقل کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اگلے سال ہونے والی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے لیے نیشنل بینک اسٹیڈیم میں بڑے پیمانے پر کام جاری ہے۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے میچز لاہور کے قذافی اسٹیڈیم اور راولپنڈی کے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں بھی کھیلے جائیں گے۔

عثمان واہلہ، ڈائریکٹر انٹرنیشنل، پی سی بی:

پی سی بی انگلینڈ کی مینز کرکٹ ٹیم کے پاکستان دوبارہ آنے پر پرجوش ہے۔

سیریز شیڈول میں معمولی ایڈجسٹمنٹ کے باوجود، ہم شائقین کی مدد کرنے اور اس دورے کو یادگار بنانے کے لیے پرعزم ہیں۔ ہم ایک کانٹے دار ٹیسٹ سیریز دیکھنے اور پاکستان کی مشہور مہمان نوازی کا مظاہرہ کرنے کے منتظر ہیں۔

نظرثانی شدہ شیڈول:

7 تا 11 اکتوبر۔ پہلا ٹیسٹ ملتان۔

15 تا 19 اکتوبر۔ دوسرا ٹیسٹ۔ ملتان۔

24 تا 28 اکتوبر۔ تیسرا ٹیسٹ۔ راولپنڈی۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Pathway Cricket Programme
Broadcast & Live Streaming Partners
PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4
pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial